## متحدہ عرب امارات کے صدر کے بھائی شیخ احمد بن زاید النہیان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔ 30 مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے فضائی حادثے میں متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ خلیفہ بن زاید النہیان کے بھائی اور انویسٹمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر شیخ احمد بن زاید النہیان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان وعوام آپ کے غم میں شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیخ احمد بن زاید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ڈاکوؤں کی فائرنگ سے عرفان علی ہوتی کی ہلاکت کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## بوستان علی ہوتی، مسلم لیگ ق کے ذمہ داران وکارکنان اور مقتول کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

کراچی۔۔۔30، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی نے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے مسلم لیگ ق کراچی کے صدر بوستان علی ہوتی کے چھوٹے بھائی عرفان علی ہوتی کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عرفان علی ہوتی کے بہیمانہ قتل میں ملوث ملزمان کو فی الفور گرفتار کرکے سخت سے سخت سزا دی جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے بوستان علی ہوتی، مسلم لیگ ق کے ذمہ داران وکارکنان اور مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی جمہوریت کے استحکام کیلئے کی جانے والی کاوشوں کو ہر سطح پر قدر کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے، وسیم آفتاب

## ملک بھر کے عوام کی امید بھری نگاہوں کا مرکز اب ایم کیوایم ہی ہے

## ایم کیوایم لانڈھی اور کورنگی سیکٹرز کے مشترکہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔30، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ ایم کیوایم حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہے اور موجودہ ملکی حالات میں ایم کیوایم کی جمہوریت کے استحکام کیلئے کی جانے والی کاوشیں کو ہر سطح پر قدر کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم لانڈھی اور کورنگی سیکٹرز کے مشترکہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد، ایم کیوایم تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی اور دیگر اراکین بھی موجود تھے۔اجلاس میں کارکنان نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اپنی والہانہ عقیدت ومحبت اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔وسیم آفتاب نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور نظریئے کو ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام اپنا رہے ہیں اور بار بار اقتدار میں آنے والی سیاسی ومذہبی جماعتوں کو اب مزید آزمانے کیلئے تیار نہیں ہیں اور ان کی امید بھری نگاہوں کا مرکز اب ایم کیوایم ہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی مقبولیت کا راز یہ ہے کہ وہ اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر ایم کیوایم بلاتفریق عوامی خدمت پر عملی طور پر یقین رکھتی ہے اور شہری حکومت کراچی کی حق پرست قیادت نے اپنی کارکردگی کا لوہا منوالیا ہے اور اب ملک بھر کے عوام اپنے اپنے شہروں، ضلعوں اور تعلقوں کیلئے مصطفیٰ کمال جیسے باہمت، باحوصلہ اور بلاتفریق عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار لوگوں کو حق حکمرانی دینا چاہتے ہیں تاکہ ان کے اپنے شہروں، ضلعوں اور تعلقوں میں بھی ترقیاتی اور تعمیراتی کاموں کا سلسلہ شروع ہوسکے اور وہ بھی اپنے مکمل حقوق کے ساتھ زندگی بسر کرسکیں۔وسیم آفتاب نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں اور وہ دن دور نہیں جب ملک بھر میں عملاً غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی ہوگی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کا پنجاب کے مختلف زون وڈسٹرکٹ کا دورہ۔ایم کیوایم اعلامیہ

لاہور۔۔۔30،مارچ،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان،ڈاکٹرعلی حسین چوہدری اورافتخاراکبر رندھاوانے پنجاب کے مختلف زون اورڈسٹرکٹ کا تنظیمی دورہ کیااس موقع پرجاری رکنیت سازی مہم کا جائزہ لیا گیااورجس طرح عوام کے جوش وخروش وجذبے کوسراہاوہ قابل تحسین ہیں،اورپنجاب ورکرکنونشن کے حوالے سے مختلف ڈسٹرکٹس میں آگاہی مہم کا آغاز کیااورکہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ہی فکروفلسفہ کی سچائی ہے کہ لوگ ہزاروں کی تعداد میں ایم کیوایم کے رکنیت سازی فارم بھررہے ہیں اورکہا کہ پاکستان کی معاشی تباہی اورغریب ومتوسط طبقہ کے تمام تر مسائل ومشکلات کی جڑ ملک میں گزشتہ 62 برسوں سے رائج فرسودہ جاگیردارنہ نظام ہےایم کیوایم پاکستان کواس فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے چھٹکارادلانا چاہتی ہےاورملک کومعاشی تباہی کی دلدل سے نکال کرترقی یافتہ مما لک کی صف میں کھڑا کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارنہ نظام کی وجہ ہی سے ملک دولخت ہوااوریہ فرسودہ نظام آج بچے کھچے ملک کی جڑیں کھوکھلی کررہاہےاورملک کوکمزورکررہاہے جاگیردارانہ نظام کے باعث ملک میں امیرطبقہ امیر سے امیرتر اورغریب طبقہ غریب سے غریب تر ہورہاہےانہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے نمائندوں نےعوام کی بلاامتیاز خدمت کرکےاورشہروں کوبے مثال ترقی دیکراپنےعمل سے ثابت کردیاہے کہ اب مڈل کلاس کے باصلاحیت نوجوان قائدتحریک جناب الطاف حسین ہی کی قیادت میں ملک اورعوام کی حالت بدل سکتے ہیں۔

## متحدہ کافکروفلسفہ 98 فیصد غریب عوام کے جذبات کی عکاسی ہے،یوسف شاہنوانی

کوئٹہ۔۔۔30،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کافکروفلسفہ ملک کے 98 فیصدعوام کے جذبات کی عکاسی کرتا ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گزشتہ روز بلوچ نوجوانوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے رکن اکبر مینگل اوردیگر بھی موجود تھے۔یوسف شاہنوانی نے بلوچ نوجوانوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے ہمیشہ بلوچ عوام کیلئے آواز بلند کی۔انہوں نے کراچی میں لیاری کے مسئلہ پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اوربلوچوں کوایک سوچھی سمجھی سازش کے تحت لڑانے کوشش کی گئی جوقائدتحریک الطاف حسین کی قائدانہ صلاحیتوں کی وجہ سے اس سازش کوناکام بنایاجاسکااوربلوچ عوام پرجوظلم ہوئے ہیں متحدہ نے ہرپلیٹ فام پران کےحق کیلئے آواز بلند کی کیونکہ بلوچ عوام مظلوم ہیں اورقائدتحریک ہرقوم کےمظلوموں کےساتھ ہیں خواہ وہ بلوچ ہو،سندھی ہو،پنجابی ہوں،پختون ہوکسی بھی زبان سےان کاتعلق ہو۔

## رائل ایئرپورٹ سروسز کی انتظامیہ ملازمین کے ساتھ انتقامی کارروائیاں بندکرے،انچارج لیبرڈویژن وسیم قریشی
## رائل ایئرپورٹ سروسز ورکرزیونین کے صدراوردیگرعہدیداران کی لیبرڈویژن سے ملاقات

کراچی۔۔۔30،مارچ2010ء

رائل ایئرپورٹ سروسزورکرزیونین CBA کے صدرسراج قریشی کی سربراہی میں یونین کے مرکزی عہدیدارن اورمحنت کشوں کے ایک وفدنے خورشیدبیگم میموریل ہال میں متحدہ قومی موومنٹ کی لیبرڈویژن کے انچارج وسیم قریشی سے ملاقات کی اورانہیں محنت کشوں کے مسائل سے آگاہ کیا۔یونین کے عہدیداران نے بتایا کہ جب سے ادارے میں محنت کشوں کی نمائندہ یونین CBA بنی ہے ،انتظامیہ نے انتقامی کارروائیاں شروع کردی ہیں،ایئرپورٹ جیسے ممنوعہ علاقہ میں ملازمین کوڈیوٹی کے حوالے جاری کردہ شناختی کارڈ جبراً چھین لیئے ہیں اورملازمین کودوردرازعلاقوں میں ٹرانسفرسمیت جبراًملازمتوں سے برطرف کرنے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ یونین کے پیش کردہ چارٹرآف ڈیمانڈ کوالتواء میں ڈال دیا گیاہے۔انہوں نے کہا کہ رائل ایرپورٹ کی انتظامیہ اس ظالمانہ رویہ کے باعث محنت کشوں میں شدیدبے چینی پائی جارہی ہے اورانہیں اپناروزگارخطرے میں محسوس ہورہاہے۔انچارج لیبرڈویژن وسیم قریشی نے وفدکی گذاشات کوغورسے سنااورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے کہا کہ جس طرح متحدہ قومی موومنٹ قائدتحریک الطاف حسین کی قیادت میں ایک ملک کے مظلوم ومحکوم عوام کے جائزحقوق کیلئےعملی جدوجہد کررہی ہےاسی طرح محنت کش طبقہ بھی اس معاشرے کااہم حصہ ہیں اورایم کیوایم محنت کشوں کے جائزحقوق کیلئے اپنا بھرپورکرداراداکرتی رہے گی۔انہوں نے رائل ایئرپورٹ کی انتظامیہ سے اپیل کی

کہ محنت کشوں کیساتھ ہونے والی ناانصافیوں کو فی الفور ختم کرکے ان کے جائز مطالبات پر یونین کے عہدیداران سے مذاکرات کیے جائے اور محنت کشوں کے روزگار کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن شعبہ خواتین کی رکن محترمہ شاہین مجید
## اورایم کیوایم برطانیہ ساؤتھ آل کے یونٹ انچارج محبوب الٰہی کے چھوٹے بھائی نوید الٰہی
## کراچی میں ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوگئے، کارکنان وعوام نوید الٰہی کی جلد صحتیابی کی دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔ 30 مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن شعبہ خواتین کی رکن محترمہ شاہین مجید کے چھوٹے بھائی نوید الٰہی کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔نوید الٰہی چندروز قبل کراچی میں ایک ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوگئے تھے اوران دنوں کراچی کے مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں اوران کی حالت تشویشناک ہے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنوں اورحق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ نوید الٰہی کی صحتیابی کی دعا کریں۔

## ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ145 کے کارکن سید کشور رضا کی ہمشیرہ محترمہ عشرت مجید کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆